www.KitaboSunnat.com

نام کتاب: حسناتی نظمیں

حصہ اول ۳۲	صفحات	قیمت ۹۰	پیسے
حصہ دوم ۳۲	"	قیمت ۹۰	"
حصہ سوم ۲۴	"	قیمت ۷۵	"
آسان نظمیں ۳۲	"	قیمت ۹۰	"

ناشر .... ادارہ الحسنات مہالے ذیلدار پارک ــــ اچھرہ لاہور

حسناتی نظمیں (حصہ اول، دوم، سوم) بچوں کے لیے مختلف شعراء کی اسلامی اور اخلاقی نظموں کے مجموعے ہیں۔ "آسان نظمیں" حافظ دعام پوری کی اسی نوعیت کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ بچوں کے لیے عام طور پر تفریحی اور مزاحیہ انداز کی نظمیں لکھی جاتی ہیں۔ اس میں اگرچہ کوئی قباحت تو نہیں لیکن بچوں کی تربیت کے پیش نظر مناسب یہی ہے کہ ان کے لیے حسناتی نظمیں اور آسان نظموں کے انداز کو اپنایا جائے یہ نظمیں عمومی طور پر سادہ زبان اور دلچسپ پیرایہ میں لکھی گئی ہیں اور "ادارہ الحسنات" نے انہیں بڑی خوبصورت گٹ اپ کے ساتھ پیش کیا ہے۔ سرورق جاذب نظر، کاغذ عمدہ۔ طباعت و کتابت اعلیٰ۔ غرض صوری و معنوی لحاظ سے نظموں کے یہ مجموعے قابل تحسین و تعریف ہیں۔

نام کتاب   دلیل سحر   مصنف   شیخ الحدیث مولانا عبدالحق (اکوڑہ خٹک)

ضخامت ۴۰۰ صفحات   قیمت ۵۰ / ۱۰ روپے   ناشر: عزیز پبلیکیشنز ۵۶ بیکلوڈ روڈ لاہور

دلیل سحر جمعیت علمائے اسلام کے سرکردہ راہنما شیخ الحدیث مولانا عبدالحق (اکوڑہ خٹک) کی ان تقاریر کا مجموعہ ہے جو انہوں نے ایم این اے کی حیثیت سے قومی اسمبلی کے مختلف اجلاسوں میں کیں۔ مولانا موصوف اگرچہ دینی اور علمی حلقوں میں پہلے سے ہی ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں لیکن جنے دین سیاست کی وادیٔ پُرخار میں قدم رکھتے ہوئے انہوں نے جس طرح بعض اسلامی دفعات کے لیے آواز اٹھائی ہے، وہ لائق صد تحسین ہے خصوصاً متجددین، علماء کے جزوی اور فروعی مسائل کو بہانہ بنا کر اسلام پر جو کلہاڑا چلاتے ہیں موصوف نے حزب اختلاف کی صفوں میں ہوتے ہوئے اس کا جہاد ناسخ کیا ہے اور غوغہ آرائی میں مسلم کی شفقت تعریف پیش کر کے دینی حلقوں سے خوب داد وصول کی ہے ــــ ان تقاریر کو جناب شمس القمر قاسمی نے مرتب کیا ہے۔ مرتب کا پیش لفظ زیگی عبارت اور معلومات کے لحاظ سے قابل قدر ہے لیکن اگر علماء کی خدمات کا

معاصرانہ ذکر میں کسی خاص مکتب فکر کی بجائے ذرا وسعت قلبی سے کام لیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ